F. 6-4 (Edit) /2016 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn
قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 07/01/2016

سائنسی موضوعات کی کتابوں کی اشاعت پر خصوصی توجہ دی جائے گی: پروفیسر ارتضیٰ کریم

لائف سائنس اور ماحولیات پینل کی میٹنگ

نئی دہلی: قومی اردو کونسل عصری سائنسی موضوعات کو ترجیحی طور پر اپنے اشاعتی منصوبے میں شامل کرے گی اور سائنسی کتابوں کے اردو ترجمے کے لیے ماہرین کی ایک کمیٹی تشکیل دے گی۔ان خیالات کا اظہار قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے لائف سائنس اور ماحولیات پینل کی میٹنگ میں کیا۔انھوں نے مزید یہ کہا کہ قومی اردو کونسل حکومت ہند کا ایک چھوٹا ادارہ ہے لیکن اس کے ارادے بہت بڑے ہیں۔کونسل صرف اردو ہی نہیں بلکہ دوسری زبانوں کے اہم علوم وفنون اور ادبیات کے حوالے سے بھی کام کرتی رہی ہے۔کونسل سائنس سے متعلق 70 سے زائد کتابیں شائع کر چکی ہے۔اس موقعے پر لائف سائنس اور ماحولیات پینل کے صدر پروفیسر احتشام حسنین نے سائنسی اور علمی موضوعات پر کونسل کی شائع کردہ کتابوں کی ستائش کی اور یہ کہا کہ آج کے تناظر میں سیل فون، اینٹی بایو ٹِک دواؤں کے غلط استعمال، ماحولیات، ڈی این اے جیسے اہم موضوعات پر زیادہ توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔

کونسل کے وائس چیئر مین پدم شری مظفر حسین نے ممبران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سائنس سے متعلق اہم موضوعات پر کتابوں کی اشاعت کی شدید ضرورت ہے تاکہ عام قاری بھی اس سے استفادہ کر سکے۔پینل کے رکن رفیع الدین ناصر نے اس موقعے پر یہ تجویز پیش کی کہ ای ٹی وی اردو پر کونسل کے پروگرام میں سائنسی موضوعات کے لیے بھی کچھ وقت مختص کیا جائے۔

میٹنگ میں پروفیسر احتشام حسنین، ڈاکٹر شمس الاسلام فاروقی، ڈاکٹر رفیع الدین ناصر، ڈاکٹر تسنیم فاطمہ، جناب عبدالقادر مالاباری، کونسل کے پرنسپل پبلی کیشن آفیسر ڈاکٹر شمس اقبال، اکیڈمک اسسٹنٹ ڈائرکٹر ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر جناب فیروز عالم، ذیشان فاطمہ، ڈاکٹر شاہد اختر انصاری اور محمد طاہر نے شرکت کی۔

(رابطہ عامہ سیل)